سوال

قرض والی رقم پر زکوۃ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے قرض لے کر کاروبار کیا کچھ رقم میری بھی تھی کاروبار کو سال ہو گیا اب مجھے زکوۃ دینی ہے۔ میں صرف اپنی رقم پر زکوۃ دوں گا یا قرض والی رقم پر بھی۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ نے کسی سے قرض لیا ہوا ہے تو اس کی زکاۃ آپ کے ذمہ نہیں ہے، کیونکہ اس رقم کے آپ مالک ہی نہیں ہیں۔ اس کی زکوۃ قرض دینے والے کے ذمہ ہے، جو اس رقم کا اصل مالک ہے۔ جیسا کہ آپ نے کسی کو قرض دیا ہوا ہو تو اس کی زکاۃ آپ کے ذمہ ہے، کیونکہ آپ اس کے اصل مالک ہیں۔ آپ سے قرض لینے والے کے ذمہ نہیں ہے، کیونکہ وہ اس کا اصل مالک نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ